© rasailojaraid.com

## تحریک پاکستان (افکار و مسائل) (تنقید و تبصرہ) ایم اے شاہد

مرتب: ڈاکٹر انصار زاہد، فصیح الدین صدیقی وغیرہ

ناشر: گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی صفحات: ۱۲۲

یہ کتاب بھی درحقیقت نیشنل کالج کے مجلے علم و آگہی کا خصوصی شمارہ ہے جو اپنی ظاہری خوبیوں کی بنا پر ایک مستقل کتاب معلوم ہوتی ہے اگرچہ یہ ایک مختصر مجموعہ ہے لیکن علم و آگہی کے نمبروں کی شاندار روایت میں اسے بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ یہ مجموعہ تحریک پاکستان سے متعلق دو سوال ناموں کے جوابات اور چند مقالات پر مشتمل ہے سوالات کے جوابات زبانی اور تحریری دونوں طرح سے حاصل کیے گئے سوالات کے اکثر جوابات میں مسئولین نے وہی باتیں دہرائی ہیں جو عام طور پر کہی جاتی ہیں لیکن بعض بعض سوالات کے جوابات فکر انگیز ہیں بعض جوابات سے اندازہ ہوتا ہے کہ مسئولین نے سوال کا صحیح جواب دینے سے پہلو تہی کی ہے جوابات دینے والوں میں مختار زمن، ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی، پروفیسر شریف المجاہد، جسٹس قدیر الدین، پروفیسر رحمت فرخ آبادی اور دوسرے حضرات ہیں جبکہ مقالات کے حصہ میں خاص لکھنے والے ڈاکٹر معین الحق اور پروفیسر محمد اسحاق لاشاری ہیں۔ دونوں نمبروں پر کالج کے پرنسپل پروفیسر سید امتیاز حسین نے پیش لفظ لکھے ہیں جن میں موضوعات کی اہمیت اور افادیت پر خوب روشنی ڈالی ہے۔

## قاموس الکتب اردو (جلد سوم) عمرانیات

مرتبین: متعدد حضرات ناشر: انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی

صفحات: ۸۱۵ قیمت: پچاس روپے

انجمن نے ۱۹۶۱ء سے قاموس الکتب اردو کی اشاعت کا جو سلسلہ شروع کیا تھا اب وہ تین جلدوں تک پہنچ گیا ہے۔ پہلی جلد مذہبیات سے تھی، دوسری جلد کا تعلق تاریخ و سوانح سے تھا اور اب یہ تیسری جلد عمرانیات کے موضوع پر ۱۹۸۰ء میں شائع ہوئی ہے اس جلد پر چالیس سے زائد موضوعات پر تقریباً ساڑھے چار ہزار کتابوں کے حوالے ہیں ایسے جامع کام میں اغلاط کا رہ جانا یا کچھ کتابوں کا چھوٹ جانا تعجب انگیز نہیں ہو سکتا لیکن اس قسم کا کارنامہ انجام دینا بجائے خود ایک بہت بڑی خدمت ہے علمی اور تحقیقی کام کرنے والے افراد اور اداروں کے لئے یہ بہت انجمن ترقی اردو نے انجام دی ہے۔

© rasailojaraid.com